نہی عن المنکر یعنی نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا قرآنی حکم ہے اور اسے ہر شخص کے لئے ایک فریضہ قرار دیا گیا ہے۔

لیکن آج ہم اس فریضہ کو یکسر فراموش کر چکے ہیں حالانکہ جس طرح بد عملی عذاب خداوندی کا موجب بنتی ہے، اسی طرح امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے موڑ لینا بھی عذاب الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔

"اعلائے کلمۃ الحق" میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت کو کتاب و سنت، اسوۂ رسولؐ خلفائے راشدین اور علمائے خیر وغیرہم کے کردار اور ان کے کارناموں کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے!

---

نام کتاب . . . . نصب العین

مصنف . . . . پروفیسر محمد عبد الغنی ایم۔اے

ضخامت . . . ۱۲۰ صفحات

ملنے کا پتہ . . . المرکز اشاعتِ اسلام حبیب گنج لاہور

رعایتی قیمت . . . . ۸ روپے

اس کتاب کی قیمت اگرچہ حجم کے لحاظ سے کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے لیکن اس کی خوبیوں کو دیکھ کر قاری کو بخوبی یہ اندازہ ہو جائیگا کہ اس کی جیب پر کوئی ناجائز بوجھ نہیں پڑا۔ یہ کتاب اسلام دشمن طاقتوں کی ان سازشوں کو طشت از بام کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتی جو مادیت پرستی، ثقافت اور مختلف "ازموں" کی صورت میں کروڑوں ڈالر اور اربوں روبل کے مصارف کے بعد ارضِ پاکستان کی طرف یلغار کر رہی ہیں، جن سے ملّی وحدت پارہ پارہ ہونے کا اندیشہ ہے اور جو ہماری نوجوان نسل کے لئے زہرِ قاتل کا حکم رکھتی ہیں ——— "نصب العین" میں قرآن و حدیث کی روشنی میں ایک ایسا پروگرام ترتیب دیا گیا ہے جو ان سازشوں کا مکمل توڑ ہے اور جس پر عمل کر کے ان کا کامیاب مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

اس میں اتحادِ ملّی پر زور دیا گیا ہے اور علماء کو فرقہ بندی اور انتشار کے سیلاب میں بہہ جانے سے روکتے ہوئے صحیح طرزِ عمل کی دعوت دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں جدید نظریات کی تباہ کاریوں کے متعلق قرآن و حدیث اور آثارِ صلحاء و متقدمین کی تعلیمات کی روشنی میں ایسے اشارات موجود ہیں، جن کی ملتِ اسلامیہ کو اس پرفتن دور میں شدید ضرورت ہے۔

© rasailojaraid.com